حکومت کرناٹکا

کمشنر آفس محکمہ تعلیمات عامہ

نرپتنگا راستہ بنگلورو 560001

و

ڈائرکٹوریٹ، اردو اور دیگر اقلیتی زبانیں نرپتنگا راستہ بنگلورو

معاونت

کرناٹکا ہائی اسکول بورڈ برائے امتحانات، ملیشورم بنگلورو

مشعل راہ I

جماعت دہم کے نتائج میں بہتری کیلئے خزانہ سوالات و جوابات

مضمون: سائنس

منتظم

جناب محمد محسن

کمشنر محکمہ تعلیمات عامہ بنگلورو

بہ تصور

محترمہ زہرہ جبین یم

ڈائرکٹر، اردو و دیگر اقلیتی زبانیں بنگلورو

رابطہ کار

محترمہ منجولا آر،سنیر معاون ڈائرکٹر، ڈائرکٹوریٹ اردو و دیگر اقلیتی زبانیں بنگلورو

جناب مری گوڑا،سنیر معاون ڈائرکٹر، ڈائرکٹوریٹ اردو و دیگر اقلیتی زبانیں بنگلورو

صاحب وسائل اساتذہ

طبیعات

1۔**وائی، ین۔راجیش،**
جی۔ یچ۔ یس ملواپورا

2۔**سی، وی،سری ناتھا،**
جی۔ یچ۔ یس تھم بلکی میئسور

3۔**آر،نوین کمار،**
جی۔ یچ۔ یس، بیری ہندی میئسور

کیمیاء

1۔ **یم،سومشیکر پا،**
داونگیرے

2۔ **شکیل احمد خان،**
بیدر

3۔ **مہیش چندرا،**
رامنگر

حیاتیات

1۔**سی، ین بالا کرشنا**
مددگار معلم سادو دھیا ہائی اسکول میئسور

2۔**وسنتھا دیوی یم کے**
مددگار معلم سری رنگا پٹن

مترجم

1۔ **شکیل احمد خان**،وائس پرنسپال،الامین کمپوزٹ پی یو کالج بیدر

2۔ **عبدالمنان**،مددگار معلم الامین اردو ہائی اسکول ہمناباد

3۔ **محمد سلیم الدین**،مددگار معلم،یچ،یم،یس،یم ہائی اسکول بیدر

4۔ **صالحہ فاطمہ**،مددگار معلم،گورنمنٹ پی یو کالج بیدر۔

امید

Photo

ہردلعزیز اساتذہ اکرام

حکومت کرناٹکا کے محکمہ تعلیمات کا اردو و دیگر اقلیتی زبانیں ڈائرکٹوریٹ بنگلور کی جانب سے کرناٹکا ہائی اسکول بورڈ برائے امتحانات کے تعاون سے سال 2014-15 میں جاری کئے گئے جماعت دہم کے نئے نصابی کُتب و اکتسابی معیار و امتحانی نتائج میں سدھار لانے کے نظریہ کے تحت طلباء کے اکتسابی رفتار کو ذہن میں رکھتے ہوئے تمام زبانیں اور بنیادی مضامین میں اکتساب میں معاون ہونے والے سوال و جواب ترتیب دیئے گئے ہیں۔ انکو ریاست کرناٹکا کے مختلف اضلاع کے ہائی اسکول میں کام کرنے والے بہ عتبار مضامین منتخبہ صاحب وسائل اساتذہ کی جانب سے تیار کیا گیا ہے۔ ریاست کے تمام صدر معلمین و اساتذہ اس سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے طلباء کی مکمل اکتسابی فروغ کیلئے محنت کریں۔ اس مختصر سے وقفہ میں اس بامقصد کتابچہ کو شائع کرنے کیلئے دائرکٹوریٹ اردو و دیگر اقلیتی زبانیں بنگلور کے ڈائرکٹر، ان کے آفس کے اسٹاف کا اس کامیاب کوشش کی ستائش کرتا ہوں۔

محمد محسن

کمشنر محکمہ تعلیمات عامہ، ریاست کرناٹکا

پیش لفظ

Photo

معزز اساتذہ اکرام

حکومت کرناٹکا کے محکمہ تعلیمات عامہ، اردو و دیگر اقلیتی زبانوں کے ڈائرکٹریٹ بنگلورو و کرناٹکا ہائی اسکول بورڈ برائے امتحانات بنگلورو کے تعاون سے جماعت دہم کے تدریس کو معیاری بنانے کیلئے اور ایس، ایس، ایل، سی کے نتائج میں بہتری لانے کے نظریہ سے تمام زبانیں و بنیادی مضامین میں طلباء کے اکتسابی رفتار کو مدنظر رکھتے ہوئیا کتساب میں معاون ہونے والے خزانہ سوالات و جوابات تیار کیئے گئے ہیں۔ اسکو ریاست کے مختلف اضلاع کے ہائی اسکول میں برسرِ خدمت بااعتبار مضامین منتخبہ صاحب وسائل اساتذہ سے تیار کیئے گئے ہیں۔ یہ تدریس میں معاون ہونے والی کتاب کو اساتذہ نصابی کتاب کے ساتھ ساتھ استعمال کرتے ہوئے طلباء کے کامیابی میں معاون ثابت ہوں۔ یہ ہماری امید ہے کہ ریاست کے تمام مدارس کے صدر معلم اور سبھی مضامین کے اساتذہ اس سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے طلباء کے بہتر نتائج کیلئے کوشش کریں گے۔ اس کام میں شامل ہو کر کتابچہ کو شائع کرنے میں کوشش کرنے والے افسران، گورنمنٹ کالج آف ٹیچرس ایجوکیشن کے پروفیسر لکچرار و صاحب وسائل اساتذہ اور اسٹاف کا میں تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں

زہرہ جبین

ڈائرکٹر اردو و دیگر اقلیتی زبان ریاست کرناٹکا

ہدایات

* اس پروگرام کو کامیابی سے انعقاد کرنے کیلئے آپ تمام کا تعاون بہت ضروری ہے۔اس کے لئے دیئے گئے مشعل راہ، منزل کا چراغ اور یقین محکم نامی کتابچہ بچوں کو اساتذہ پڑھکر ذہین نشیں کرلیں۔

* طلباءاپنے اکتسابی رفتار وصلاحیتوں کے مطابق

1۔سست رفتاری کے ساتھ اکتساب کرنے ولے

2۔میانہ روی کے ساتھ اکتساب کرنے والے

3۔تیز رفتاری کے ساتھ اکتساب کرنے والے

اسطرح سے تین گرہوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

* سست رفتار سے اکتساب کرنے ولے مختص وقت میں امتحان کا سامنا کرنے والے نصاب میں موجود اہم مانے جانے والیچند ہی نکات کو مشعل راہ معاون اکتساب نصاب میں موجود ہے۔انکو سب سے پہلے لکھنے یا پڑھنے کے قابل بنائے۔

* میانہ روی کے ساتھ اکتاسب کرنے والے طلباء کو مشعل راہ معاون اکتساب میں نصاب موجود نکات کو سکھانے کے بعد منزل کا چراغ اور آخر میں یقین محکم معاون اکتساب نصابی کتاب کے نکات کو مزید ا یکتاب کیلئے مواقع فراہم کرنا ہے۔

* تیز رفتاری کے ساتھ اکتساب کرنے والے پہلے راہ مشعل،اور منزل کا چراغ میں معاون اکتسابی کتابچوں سے نصاب کے نکات کو سیکھ کر مابعد یقین محکم معاون اکتسابی کتابچہ سے نصابی نکات کو مزید سیکھنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

* یہ معاون اکتسابی کتابچے کے نصابی نکات کو مدرسہ کے اوقات سے قبل و مابعد اوقات کے خصوصی کلاسس میں مسلسل مشق کروائیں۔

* مختص نظام الاوقات کے تحت جماعت کے گھنٹوں میں سالانہ نصاب کی طرح درس وتدریس کے سرگرمیوں کو انجام دیں۔

متبادل توانائی کے ذرائع Alternative Sources of Energy

1۔ غیر تجدیدی ذرائع سے کیا مراد ہے؟ کوئی دو مثالیں دیجئے۔

2۔ توانائی کے غیر روایتی ذرائع کیا ہیں؟ کوئی دو مثالیں دیجئے۔

3۔ توانائی کے غیر روایتی ذرایعہ کے فوائد کیا ہیں۔

4۔ شمسی توانائی کیا ہے؟ یہ زمین تک کس طرح پہنچتی ہے؟ شمسی توانائی کی وجہ کیا ہے؟

5۔ شمسی اجماع کنندے کیا ہیں؟ مثال دیجئے۔

6۔ شمسی اجماع کنندوں کا اصول کیا ہے؟

7۔ حیاتی توانائی کیا ہے؟

8۔ کس طرح حیاتی توانائی فائدہ مند ہے؟

9۔ بالواستہ یا بلاواستہ حیاتی ڈیزل تیار کرنے والے کوئی دو پودوں کے نام لکھئے۔

10۔ بادتوانائی کس طرح حاصل کی جاتی ہے؟

11۔ بادتوانائی کی تحدیدات کیا ہیں؟

12۔ بادتوانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرنے کیلئے درکار ہوا کی رفتار کتنی ہونی چاہیئے؟

13۔ بادتوانائی کے مراکز ہندوستان میں کہاں پائے جاتے ہیں؟

14۔ ہوا کے ٹربائن کیا ہیں؟

15۔ ہندوستان کے کونسے مقام موزوں ہیں۔ جہاں پر موجی توانائی کے مراکز قائم کئے جاسکتے ہیں؟

16۔ موجی توانائی کے تحدیدات کیا ہیں؟

17۔ ارضی حراروی توانائی سے کیا مراد ہے؟

18۔ ہندوستان میں پائے جانے والے کوئی دو ارضی حراروی توانائی کے مراکز کے نام لکھئے۔

Types of Motion حرکت کے اقسام

1۔ موجوں کیا ہیں؟ دوقسم کی موجیں کونسی ہیں؟

2۔ طویل موجیں کیا ہیں؟ مثال دیجئے۔

3۔ عریض موجیں کیا ہیں؟ مثال دیجئے۔

4۔ موجی حرکت کے کوئی دو خصوصیات لکھئے۔

5۔ میکانکی موجیں کیا ہیں؟ مثال دیجئے۔

6۔ مفرد ہارمونی حرکت کیا ہے؟ مثال دیجئے۔

7۔ موجوں کی حرکت کے استعمالات کا مطالعہ کیوں ضروری ہے؟

8۔ مفرد ہارمونی حرکت کے کوئی دو اطلاق لکھئے۔

9۔ موج کا حیطِ ارتعاش کیا ہے؟

10۔ سادہ رقاص کا اہتزاز کیا ہے؟

11۔ سادہ رقاص کا وقفہ کیا ہے؟

12۔ سادہ رقاص کے تعدد اور وقفہ کے درمیان کا تعلق لکھئے۔

13۔ رقاص کی تعدد کیا ہے؟

14۔ v رفتار، n تعدد اور طولِ موج ہو تو ان کے درمیان تعلق لکھئے۔

15۔ برقناطیسی موجیں کیا ہیں؟

16۔ مفرد ہارمونی حرکت استعمال کرتے ہوئے وقت معلوم کیا جاتا ہے۔ کیسے؟

17۔ موجوں سے کس کا نقل وحمل عمل میں آتا ہے؟

18۔ ان کی اکائیاں لکھئے۔ a) تعدد b) طول موج

19۔ کونسے دو امور موج کی رفتار پر اثر انداز ہوتے ہیں؟

Heat Engines حرارتی انجن

1۔ حرارتی انجن کیا ہیں؟

2۔ حرارتی انجن کے دو اقسام کونسے ہیں؟

3۔ حرارتی انجن کے چار اثرات کونسے ہیں؟

4۔ ہوا کے بہاؤ میں دو طرح کے اقسام کونسے ہیں؟

5۔ متوازن دباؤ کیا ہے؟

6۔ تجارتی کارآمد حرارتی انجن ڈیزائن کرنے والا سائنسدان کون ہے؟

7۔ بیرونی احتراق انجن (External Combustion Engine) کیا ہے؟ اسکو اس طرح کیوں کہتے ہیں؟

8۔ بھاپ انجن کا ضرب پھیلاؤ کا صاف خاکہ بنا کر، حصوں کی ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

9۔ بھاپ انجن کا ضرب خارج کا صاف خاکہ بنا کر ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

10۔ پٹرول انجن کا خاکہ بنا کر ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

11۔ کرانک شافٹ کیا ہے؟

12۔ پٹرول انجن میں حسب ذیل کے افعال لکھئے:

(a) اسپارک پلگ (b) کرانک شافٹ (c) کاربوریٹر (d) خارجی کھلبند

13۔ سمجھایئے:

(a) جرب ڈاخل (b) ضرب دباؤ یا ضرب انقباض (c) ضرب اشتعال (d) ضرب خارج

آواز Sound

1۔ آواز کا مطالعہ کیوں ضروری ہے؟

2۔ گونج کیا ہے؟

3۔ سماعت کی استقامت کیا ہے؟

4۔ مکمل گونج سنائی دینے کیلئے آواز کے ممبہ سے کتنی دوری پر انعکاس کرنے والا ممبہ ہونا چاہیئے ؟

5۔ آواز کے ممبہ اور انکاس کے مقام کے درمیانی فاصلہ معلوم کیجئے جبکہ 4S کے بعد گونج سنائی دیتی ہے۔ ہوا میں آواز کی رفتار 340ms-1 ہے۔

6۔ کب ہم ایک سے زیادہ مرتبہ سن سکتے ہیں؟

7۔ بادل کی گڑگڑاہٹ ہم کیسے سنتے ہیں؟

8۔ آواز کب پیدا ہوتی ہے؟

9۔ قابل سماعت حد کیا ہے؟

10۔ زیریں سمعی آواز سے کیا مراد ہے؟

11۔ بالاسمعیواز کیا ہے؟

12۔ بالاسمعی آواز سننے والے حیوانات کونسے ہیں۔

13۔ بالاسمعی آواز پیدا کرنے والے حیوانات کے نام لکھئے۔

14۔ بالاسمعی آواز کی توانائی کیوں زیادہ ہوتی ہے۔؟

15۔ SONAR کو پھیلاؤ۔

16۔ سونار کے استعمالات کیا ہیں؟

17۔ سونار کو دو حصے کونسے ہیں؟

18۔ سونار میں الۂ ترسیل کا فعل کیا ہے؟

19۔ شناسندہ کا فعل بتایئے۔

20۔ چال، وقت اور فاصلہ کے درمیان تعلق لکھئے۔

21۔ ECG بازکشت قلب نگاری کیا ہے؟

22۔ لا-شعاعوں پر بالاسمعی موجوں ترجیح دی جاتی ہے۔ کیوں؟

23۔ ڈاپلر اثر کیا ہے؟

24۔ ڈاپلر اثر کی دریافت کرنے والا پہلا سائنسدان۔

25۔ ریڈیو موجوں ڈھاتی شئے سے منحرف ہوتی ہیں، اس مظہر کس نے بتلایا؟

26۔ گاڑیوں کی حدرفتار سے زیادہ اشارہ دیتا ہے،اس کو معلوم کرنے کے آلہ کونسا ہے؟

27۔ موجوں کے تعدد،طولِ موج اور رفتار کے درمیان تعلق کیا ہے؟

28۔ بالاسمعی آواز کی موجوں کے کوئی چار استعمالات کی فہرست بنائیے۔

برقناطیسی امالہ Electromagnetic Induction

1۔ کس سائنس دان نے "برقی روگذارنے والا موصل اپنے آطراف مقناطسی میدان بناتا ہے۔"

2۔ برقی مقناطیسی امالہ کی تشریح کیجئے۔

3۔ فلیمنگ کے دائیں ہاتھ کا قانون بتایئے۔

4۔ برقی روکا مقناطیسی اثر کیا ہے؟

5۔ برقناطیسی امالہ کے اثر پر کام کرنے والے کسی دو آلات کے نام لکھئے۔

6۔ متبادل ڈائنمو کا خالہ بنا کر ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

7۔ راست ڈائنمو کا خاکہ بنا کر ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

8۔ ڈائنمو کی تعریف کیجئے۔

9۔ برقی موٹر کیا ہے؟

10۔ مبدل کیا ہے؟

11۔ باہمی امالہ کیا ہے؟

12۔ مبدل کے اقسام لکھئے۔

13۔ بنیادی اولٹیج اور ثانوی اولٹیج کے درمیان تعلق بتایئے۔

14۔ فلیمنگ کے بائیں ہاتھ کا قانون لکھئے۔

15۔ ایک لچھے میں امالی e.m.f کے اثرات لکھئے۔

16۔ فاراڈے کے برقناطیسی املہ کے کلیات لکھئے۔

17۔ متبادل برقی رو کے کوئی دو استعمال لکھئے۔

18۔ برقی موٹر اور ڈائنمو کے درمیان فرق لکھئے۔

19۔ متبادل ڈائنمو اور راست ڈائنمو کے درمیان کوئی دو فرق لکھئے۔

برقیاتElectronics

1۔ صفر کیلون درجہ حرارت پر کسی نیم موصل کی موصلیت کتنی ہوتی ہے؟

2۔ حرارت کے ساتھ کس طرح نیم موصل کی موصلیت تبدیل ہوتی ہے؟

3۔ برقیات میں سب سے اچھا نیم موصل ہوتا ہے؟

4۔ داخلی نیم موصل سے کیا مراد ہے؟

5۔ خارجی نیم موصل کیا ہے؟

6۔ ڈوپنگ کیا ہے؟

7۔ ڈوپنٹ کیا ہیں؟

8۔ دوطرح کے خارجی نیم موصل کے نام لکھئے۔

9۔ p- قسم کے نیم موصل تیار کرنے کیلئے کونسے ڈوپنٹ استعمال ہوتے ہیں؟

10۔ n- قسم کے نیم موصل تیار رنے کونسے ڈوپینٹ استعمال کئے جاتے ہیں؟

11۔ سوراخ سے کیا مراد ہے؟

12۔ نیم موصل کی اقسام کونسی ہیں؟

13۔ p-n جوڑ سے کیا مراد ہے؟

14۔ p-n جوڑ کو ترسیلی میلان کب کہا جاتا ہے؟

15۔ p-n جوڑ کو رجعی میلان کب کہتے ہیں؟

16۔ p-n جنکشن کے ترسیلی میلان کی دو خاص خصوصیات کونسی ہیں؟

17۔ p-n جنکشن کے دو خاص خصوصیات کونسی ہیں؟

18۔ کیوں رجعی میلان میں کم برقی روسفر کرتی ہے؟

19۔ ڈ ئیوڈ کا علامتی خاکہ بنائیے۔

20۔ راست گری کیا ہے؟

21۔ ڈائیوڈ کو راست گر کیوں کہتے ہیں؟

22۔ سہ برقیرہ یا ٹرانزسٹر کیا ہے؟

23۔ ٹرانزسٹر کے تین سروں کے نام لکھئے۔

24۔ ٹرانزسٹر کے ہر قطہ میں ڈوپنگ (آمیزش) کے ارتکاز کا نام لکھئے۔

25۔ ٹرانزسٹر کے ہر قطہ کا فعل بتائیے۔

26۔ ڈائیوڈ کے ترسیلی میلان کا خاکہ بنائیے۔

27۔ ڈائیوڈ کے رجعی میلان کا خاکہ بنائیے۔

28 ڈائیوڈ کا کوئی ایک اطلاق لکھئے۔

29۔ pnp اور npn ٹرانزسٹر کا علامتی خاکہ بنائیے۔

30۔ سادہ ٹرانزسٹر کا خاکہ بنائیے۔

31۔ ٹرانزسٹر کا استعمال لکھئے۔

32۔ فاصل درجہ حرارت کی تعریف کیجئے۔

33۔ اعلیٰ موصل کا کوئی ایک استعمال لکھئے۔

گیسوں کا طرز عمل Behaviour of Gases

1۔ کم کثافت رکھنے والا مادہ کونسا ہے؟

2۔ گیسس کا اہم خصوصیات کی فہرست مرتب کیجئے۔

3۔ چارلس کا کلیہ بیان کیجئے۔

4۔ چارلس کے کلیہ کے دو اطلاق لکھئے۔

5۔ بائل کا کلیہ بیان کیجئے۔

6۔ بائل کے کلیہ کے کوئی دو اطلاق لکھئے۔

7۔ نفوذ پذیری کیا ہے؟

8۔ نفوذ پذیری کی شرح کی تعریف کیجئے۔

9۔ گراہم کا کلیہء نفوذ پذیری بیان کیجئے۔

10۔ کمیت اور نفوذ پذیری کے درمیان کیا تعلق پایا جاتا ہے؟

11۔ گیس جب دو مختلف درجہ حرارت پر ہوں تو ان کے لئے چارلس کے کلیہ کے مطابق اظہار حاصل کیجئے۔

Space Sciene (A) خلائی سائنس

حسب ذیل سے صحیح جواب چن کر لکھئے۔

1۔ کشش کر کے ستارہ میں تبدیل ہونے والا عنصر

a) ہائیڈروجن b) ہیلیم c) لیتھیم d) کاربن

2۔ چندر شیکھر کی حد

a) 1.4 مرتبہ زمین کی کمیت سے زیدہ b) 1.4 مرتبہ سورج کی کمیت سے زیادہ

c) 14 مرتبہ زمین کی کمیت سے زیادہ d) 14 سورج کی کمیت سے زیادہ

3۔ فلکی اجسام ریڈیائی شعاعیں پلسیس کے طور خارج کرنے والے

a) کوئیزار b) سیاہ سوراخ c) سفید صغیر d) پلسار

4۔ سورج کہکشاں کے آطراف چکر لگانے کیلئے وقفہ

a) تقریباً 250 سال b) تقریباً 250 ملین سال

c) تقریباً 100 سال d) تقریباً 25 ملین سال

5۔ کائنات کے ارتقاء کو ظاہر کرنے والا نظریہ

a) عظیم ستارہ نو نظریہ b) مستحکم نظریہ

c) عظیم دھماکہ نظریہ d) کائنات کے خلاف نظریہ

1۔ ستارے کی ارتقاء کا پہلا مرحلہ کونسا ہے؟

2۔ سیاروی سحابیہ کیا ہیں؟

3۔ اپلسار کیا ہیں؟

4۔ عظیم ستارا نو کیا ہے؟

5۔ کہکشاں کی اقسام لکھئے۔

6۔ چکردار کہکشاں کی ایک مثال لکھئے۔

7۔ کائنات کے اارتقاء بیان کرنے والے نظریہ کا نام لکھئے۔

8۔ عظیم دھماکہ نظریہ کیا ہے؟

Space Science (B) خلائی سائنس

1۔ کسی شئے کوزمین کی کشش ثقل سے باہر نکلنے کیلئے درکار رفتار فرار

a) 11.2km/s b) 11.2m/s c) 12.1m/s d) 9.8m/s

2۔ افادی سامان

a) ایندھن b) تکسیدکار c) سائنسی آلات d) راکٹ

3۔ آریہ بھٹّا ایک

a) راکٹ ہے b) مصنوعی سیاچہ ہے c) قومی سیارچہ ہے d) خلائی جہاز

4۔ سکن الارض مصنعی سیارچوں کیلئے درکار نصف قطر

a) 3600km b) 36000m c) 36000km d) 11.2km

II

1۔ محرک مادہ کیا ہے؟

2۔ راکٹ کے دو محرک مادہ کے نام لکھئے۔

3۔ نیوٹن کا تیسرا کلیہ بیان کیجئے۔

4۔ تحفظ معیاری حرکت کا کلیہ بیان کیجئے۔

5۔ دبک رفتار کے مساوات لکھئے۔

6۔ مداروی رفتار کی تعریف کیجئے۔

7۔ رفتار فرار کی تعریف کیجئے۔

8۔ مداروی رفتار اور رفتار فرار کے درمیان تعلق ظاہر کیجئے۔

9۔ ہمہ منزلہ راکٹ سے کیا مراد ہے؟

10۔ حسب ذیل کو پھیلاؤ

(i) PSLV (ii) GSLV (iii) ISRO (iv) IRS

11۔ ایک منزلہ راکٹ کا خاکہ بنا کر ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

جوابات: طبیعات

جوابات Answers

توانائی کے متبادل ذرائع Alternate Sources of Energy

1۔ توانائی کے ایسے ذرائع جو ایک مرتبہ کے استعمال سے ختم ہوجاتے ہیں توانائی کے غیر تجدیدی ذرائع کہتے ہیں۔

2۔ توانائی کے ایسے ذرائع جن کی تجدید کی جاسکتی ہے ان کو توانائی کے غیر روایتی ذرائع کہتے ہیں۔ مثال سورج، ہوا، مدوجذر

3۔ غیر روایتی ذرائع کبھی ختم نہیں ہوتے۔ آلودگی سے پاک ہوتے ہیں۔ دیہاتی علاقوں میں آسانی سے استعمال کیا جاتا ہے۔

4۔ سورج سے شمسی اشعاع کی صورت میں شمسی توانائی حاصل ہوتی ہے۔ یہ زمین تک ضیائیہ یعنی چھوٹے پاکٹوں کی شکل میں پہنچتی ہے۔ سورج میں مسلسل حرنیوکلیائی انطباق کے عمل سے پیدا ہوتی ہے۔

5۔ شمسی توانائی کو جماع کرنے والے آلات کو اجماع کنندہ کہتے ہیں۔ مثال: شمسی خانہ، آبی گرمالہ

6۔ نوراولٹائی اثر کے ذریعہ شمسی پربی خانہ شمسی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرتا ہے۔

7۔ حیاتیاتی مادے جیسے پودے اوران کے حاصلات کے ذریعہ حاصل ہونے والی توانائی ہوتی ہے۔

8۔ حیاتیاتی توانائی کے ذریعہ آلودگی پیدا نہیں ہوتی۔ یہ فضاء میں کاربن ڈائی آکسائڈ کی مقدار نہیں بڑھاتی۔ اس کے ذریعہ مٹی کی زرخیزی عمل میں آتی ہے۔

9۔ جٹروپا اور پونگمیا پنٹاٹا

10۔ ہوا میں توانائی بالحرکت پائی جاتی ہے۔ بڑے بڑے ہوائی ٹربائن استعمال کرتے ہوئے برقی توانائی حاصل کی جاتی ہے۔

11۔ ہوا کی رفتار 8 میٹر سے 22 میٹر کے درمیان ہو تو بادتوانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ کم یا زیادہ ہونے پر بادتوانائی کو استعمال نہیں کیا جاسکتا ہے۔

12۔ ہوا کی رفتار 8 میٹر سے 22 میٹر کے درمیان ہو تو بادتوانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

13۔ کنیاکماری ٹاملناڈو

14۔ بادتوانائی کو دوسری توانائی میں تبدیل کرنے والے مراکز کو ونڈملز کہتے ہیں۔

15۔ ساحلی علاقے بالخصوص جنوب مغربی ساحلی علاقے۔

16۔ صرف ساحلی علاقوں میں حاصل ہوتی ہے۔ اخراجات بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

17۔ زمین کے اندر قشر ارض میں 10 کلومیٹر کے احاطہ میں پائی جانے والی حرارت کو ارضی حراروی توانائی کہتے ہیں۔

18۔ پگا، لداخ۔

Answers جوابات

حرارت کے اقسام Types of Motion

1۔ واسطہ میں کسی نقطہ پر معیادی خلل کی وجہ پیدا ہونے والے حرکت کو موج کہتے ہیں۔

2۔ ایسی موجیں جس میں واسطے کے ذرات موجوں کی اشاعتیسمت میں رہ کر مرتعش ہوتے ہیں طویل یا طولانی موجیں کہلاتی ہیں۔

مثال: کمانی کا اہتزاز، سمعی موجیں،

3۔ واسطہ کے ذرات موجوں کی اشاعتی سمت کے عموداً مرتعش ہوتے ہیں ان کو عریض موجیں کہتے ہیں۔

مثال: پانی کی سطح پر بننے والی موجیں، برقناطیسی موجیں۔

4۔ 1) واسطہ میں کسی نقطہ پر معیادی خلل کی وجہ سے موج وجود آتی ہے۔

2) واسطہ میں موج کی اشاعت کے دوران واسطہ کے ذرات اپنے اصل مقام سے مرتعش ہوتے ہیں اور توانائی ان ذرات کے نقل مکانی کے بغیر منتقل ہوتی ہے۔

5۔ موجیں جنہیں اپنی اشاعت کیلئے مادی واسطہ درکار ہو، میکانکی موجیں کہتے ہیں۔ مثال: آبی موجیں، زلزلیاتی موجیں۔

6۔ مساوی وقفہ اوقات میں دوہرائی جانے والی اس ھرکت کے مطالعہ سے رقاص کے محل ومقام کی پیشن گوئی ہم کر سکتے ہیں اس کو مفرد ہارمونی حرکت کہتے ہیں۔ مثال: بس کا گیر تبدیل کرنے کے دوران پید ہونے والا ارتعاش مفرد ہارمونی حرکت ہے۔

7۔ موجوں کی حرکت کا مطالعہ کرنے پر: 1۔ مادے کی حرکت کا مطالعہ کرنے کیلئے۔ 2۔ زلزلے کا پتہ لگانے کیلئے۔

8۔ 1) رقاص کی ہارمونی حرکت وقت کی پیائش کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ 2) موسیقی آلات میں سر ملانے کیلئے۔

3) سالمات مفرد ہارمونی حرکت میں ہوتے ہیں جس سے اس حرکت کا مطالعہ ارتعاشی طیف حاصل ہوتا ہے۔

9۔ حالت توازن کی دونوں جانب ذرہ کی انتہائی نقل مکانی حیط ارتعاش کہتے ہیں۔

10۔ حالتِ توازن کی دونوں جانب کی ایک مکمل حرکت اہتزاز کہلاتی ہے۔

11۔ کسی شئے کا ایک اہتزاز مکمل کرنے کے لئے درکار وقت وقفہ کہتنے ہیں۔

12۔ $T = 1/f$

13۔ ذرہ سے ایک سکنڈ میں مکمل کئے جانے والے اہتزاز کی رعدد کو تعدد کہتے ہیں۔

14۔ $v = f\lambda$

15۔ برقی اور مقناطیسی میدان سے منسلک موجیں جو برق بار کی اسراعی حرکت سے وجود میں آتی ہیں۔ برقناطیسی موجیں کہلاتی ہیں۔

16۔ حیط ارتعاش، اہتزاز اور وقفہ ہارمونی حرکت میں یکساں ہوتے ہیں اسلئے وقت کی پیائش کے لئے ہارمونی حرکت کا استعمال ہوتا ہے۔

17۔ موج سے توانائی منتقل ہوتی ہے۔

18۔ a) Hz ہرٹز b) m/s (میٹر فی سکنڈ)

19۔ موجوں پر اثرانداز ہونے والے امور 1) واسطہ 2) لچک

آواز Sound

1۔ بول چال، تماش گاہوں اور تقاریب میں پیدا کی جانے والی آوازوں میں بہتری لانے کیلئے آواز کا مطالعہ ضروری ہے۔

2۔ کسی سخت سطح سے آواز کے ٹکرا کر لوٹنے کو گونج کہتے ہیں۔

3۔ ہمارے کان میں سنی ہوئی آواز کا احساس تقریباً 0.1S رہتا ہے۔ اسکو استقامت کہتے ہیں۔

4۔ 17m

5۔ $d = \frac{vt}{2} = \frac{340 \times 4}{2} = 680m$

6۔ متعدد انعکاسی سطوح سے مرکب انعکاسات کی کے ذریعہ ہم ایک سے زیادہ بار گونج سن سکتے ہیں۔

7۔ بادلوں کے انکاسی سطوح سے ٹکرا کر بادل کی گڑگڑاہٹ سنائی دیتی ہے۔

8۔ اشیاء کے ارتعاش سے آواز پیدا ہوتی ہے۔

9۔ قابل سماعت کی حد 20Hz سے 20,000Hz تعدد ہوتی ہے۔

10۔ 20Hz سے کم تعدد رکھنے والی آواز کو زیریں سمعی آواز کہتے ہیں۔

11۔ 20,000Kz سے زیادہ تعدد رکھنے والی آواز کو بالا سمعی آواز کہتے ہیں۔

12۔ چمگاڈر، ڈالفنس، کتّے

13۔ چمگاڈر، ڈالفن

14۔ ان کا تعدد زیادہ ہوتا ہے۔

15۔ Sound Navigation And Ranging

16۔ 1۔ سمندر کی گہرائی معلوم کرنے۔

2۔ پانی کے نیچے پائے جانے والی اشیاء معلوم کرنے۔

17۔ 1۔ آلہ ترسیل 2۔ شناسندہ

18۔ آلہ ترسیل بالا سمعی موجوں کو تیار کرکے انہیں زیر آب پھینکتا ہے۔

19۔ شناسندہ وہ آلہ ہے جو منعکس شدہ بالا سمعی موجوں برقی اشارات میں تبدیل کرتا ہے۔

20۔ $d = \frac{Vt}{2}$ d= شئے کی دوری

V= بالا سمعی موجوں کی رفتار

t= موجوں کا آلہ ترسیل سے شناسندہ تک سفر کرنے کا وقت

21۔ بالا سمعی موجوں کے ذریعہ قلب کے گراف حاصل کرنے کو بازگشت قلب نگاری کہتے ہیں۔

22۔ بالا سمعی موجوں، لا-شعاعوں کے مقابلہ میں کم نقصاندہ ہوتے ہیں۔

23۔ آواز کے منبع اور نظریا مشاہدہ کنندہ کے درمیان اظافی حرکت ج کے تعدد میں ہونے والی ظاہری تبدیلی ڈاپلر اثر کہلاتی ہے۔

24۔ جے۔سی۔ڈاپلر

25۔ ہین رچ ہرٹز

26۔ راڈار گن

27۔ $V = f\lambda$

28۔ 1۔بالاسمعی موجوں کے مطالعہ کے زریعہ جوہر کی ساخت،طبعی خصوصیات وغیرہ معلوم کیا جاتا ہے۔

2۔ڈھالے گئے دھاتوں میں پائے جانے والے سوراخوں کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

3۔ناحل پذیر مائعات کوحل کرنے

4۔بھرت کی تیاری میں۔

5۔خشک دھلائی میں

6۔انہیں کیڑے مکوڑوں کے ناپسندیدہ کے طور پر

7۔اتلاف جراثیم کیلیئے۔

8۔عصبی اور جوڑوں کے درد کے علاج میں۔

9۔بغیر خون جراہی۔

10۔پت اور گردوں کی پتھری توڑنے کیلیئے۔

حرارت Heat

1۔ حرارتی انجن وہ آلہ ہے جو حرارتی توانائی کو میکانکی توانائی میں تبدیل کرتا ہے۔

2۔ بیرونی احتراق انجن (بھاپ انجن) داخلی احتراق انجن

3۔ جسم کے درجہ حرارت میں اضافہ

جسم کا پھیلاؤ

مادہ کی حالت میں تبدیلی

جسم میں کیمیائی تبدیلی۔

4۔ ہوا کے بہاؤ کے دو اقسام:

a) نظام کے اندر سالمات کی بے تکی حرکت

b) بہاؤ کی سمت کے ساتھ مجموعی پرتی بہاؤ یا حرکت۔

5۔ جب کوئی بھی دباؤ کا نتیجہ صفر ہوتا ہے تو اسکو متوازن دباؤ کہتے ہیں

6۔ تھامس ساویری نے تجارتی کارآمد بھاپ انجن کا ڈیزائن بنایا۔

7۔ ایسا انجن جو استوانہ کے باہر حرارتی پیدا کرتا ہے بیرونی احتراق انجن کہتے ہیں۔

8۔ شکل نمبر 9.3a صفحہ 115



9۔ شکل نمبر 9.3b صفحہ 115



10۔ شکل نمبر 9.5 صفحہ 118



11۔ کرانک شافٹ سیدھی حرکت کو دائروی حرکت میں تبدیل کرتا ہے۔

12۔ ہوا اور پٹرول کے پچکے ہوئے آمیزہ میں اسپارک پلگ کے ذریعہ طاقتور شرارہ پیدا کیا جاتا ہے۔

13۔ (a) پٹرول اور ہوا کا آمیزہ استوانہ میں کم دباؤ کی وجہ سے داخل ہونے کے مرحلہ کو ضرب داخل کہتے ہیں۔

(b) داخلی اور خارجی کھلمند بند ہوتے ہیں اور فشارہ کے ذریعہ دباؤ پیدا کیا جانے کے مرحلہ کو ضرب دباؤ کہتے ہیں۔

(c) ہوا اور پٹرول کے پچکے ہوئے آمیزہ میں اسپارک پلگ کے ذریعہ طاقتور شرارہ پیدا کیا جاتا ہے۔

(d) خارجی کھلمند کے کھلنے پر احتراق پائے ہوا ایندھن خارج کیا جانے کے مرحلہ کو ضرب خارج کہتے ہیں۔

جوابات Answers

برقناطیسی امالہ Electromagnetic Induction

1۔ اوسٹیڈ

2۔ برقی دور سے منسلک مقناطیسی میدان میں تبدیلی سے برقی دور میں قوت محرکۂ برق حاصل ہونے کا مظہر برقناطیسی امالہ کہتے ہیں۔

3۔ انگوٹھا سمیت اپنے دائیں ہاتھ کی اوّل تین انگلیاں کو ایک دوسرے کے عموداً اس طرح پیلائیں کہ پہلی انگلی مقناطیسی میدان کی سمت، انگوٹھا موصل کی حرکت کی سمت ظاہر کرتا ہے تو دوسری انگلی امالی قوت محرکۂ برق کی سمت ظاہر کرتی ہے۔

4۔ تار کے لچھے سے گذرنے والی برقی رو اپنے اطراف مقناطیسی میدان بناتی ہے۔ اس کو برقی رو کا مقناطیسی اثر کہتے ہیں۔

5۔ ڈائنمو ٹرانسفرمر

6۔



SN ← مقناطیسی قطبین، ABCD ← مستطیلی لچھا

7۔



NS ← مقناطیسی قطبین، ABCD ← لچھا

B_1, B_2 ← کاربنی برش، S_1, S_2 ← نصف دھاتی حلقے

8۔ برقناطیسی امالہ کے اصول پر میکانکی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرنے والا آلہ ڈائنمو کہتے ہیں۔

9۔ برقی موٹر وہ آلہ ہے برقی توانائی کو میکانکی توانائی میں تبدیل کرتا ہے۔

10۔ متبادل برقی رو کے ذریعہ سے حاصل کونے والے اولٹیج کو بڑھانے یا گھٹانے کے لئے استعمال ہونے آلہ کو مبدل کہتے ہیں۔

11۔ مبدل برقناطیسی امالہ کے اصول پر کام کرتے ہوئے لچھے کے قریب موجود برقی مقناطیسی میدان کی وجہ سے امالی برقی رو پیدا کرتا ہے جسے باہمی امالہ کہتے ہیں۔

12۔ اولٹیج بڑھانے وال مبدل

اولٹیج گھٹانے والا مبدل

13۔



شکل: 16.13: امالی لچھا

14۔ انگوٹھا سمیت اپنے دائیں ہاتھ کی اوّل تین انگلیاں کو ایک دوسرے کے عموداً اس طرح پھیلائیں کہ پہلی انگلی مقناطیسی میدان کی سمت، دوسری انگلی امالی قوت محرکۂ برق کی سمت ظاہر کرتی ہے انگوٹھا موصل میکانکی قوت کی سمت ظاہر کرتا ہے۔

15۔ (a) لچھے میں تاروں کی تعداد

(b) مقناطیسی میدان کی شرح

(c) چال جس سے مقناطیسی میدان یا لچھا متحرک

(d) لچھے کا رقبہ

16۔ پہلا کلیہ: موصل سے منسلک مقناطیسی میدان کی تبدیلی، موصل میں قوتِ محرکۂ برق کو مائل کرتی ہے۔

دوسرا کلیہ: مائل قوتِ محرکۂ برق، موصل سے منسلک مقناطیسی میدان کی تبدیلی کی شرح کے متناسب ہوتی ہے۔

17۔ (a) بالا سمعی موجیں حاصل کرنے

(b) گھریلو بلب، مکسر، پنکھا چلانے

(c) راڈار میں

18۔

برقی موٹر	ڈائنمو
برقی توانائی کو میکانکی توانائی میں تبدیل کرتی ہے	میکانکی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرتا ہے۔

19۔

متبادل ڈائنمو	راست ڈائنمو
بیرونی دور میں برقی رو ہر نصف گردش میں بدلتی ہے ثابت دھاتی چھلے استعمال ہوتے ہیں	برونی دور میں برقی رو کی سمت نہیں بدلتی نصف دھاتی چھلے استعمال ہوتے ہیں

برقیات Electronics

1۔ صفر

2۔ درجہ حرارت کے ساتھ الیکٹران کا اخراج بھی زیادہ ہوتا ہے اسلیئے نیم موصل کی موصلیت درجہ حرارت کے ساتھ بڑھتی ہے۔

3۔ سلیکان

4۔ ایک خالص نیم موصل کو داخلی نیم موصل کہتے ہیں۔

5۔ خالص جرمینیم یا سلیکان میں سہ یا پانچ گرفتی عناصر ملا کر تیار کیئے جانے والے نیم موصل کو خارجی نیم موصل کہتے ہیں۔

6۔ خالص نیم موصل کی موصلیت بڑھانے کیلیئے اس میں دوسرے عناصر کو شامل کیا جاتا ہے۔اس عمل کو ڈوپنگ کہتے ہیں۔

7۔ خالص نیم موصل میں جوہری کثافت شامل کر کے تیار کیئے جانے والے جوہروں کو ڈوپنٹ کہتے ہیں۔

8۔ n- قسم کے نیم موصل p- قسم کے نیم موصل

9۔ نوران، ریڈیم، غالیئم، المونیم

10۔ آرسینک، انٹی مونی، فاسفورس

11۔ جب ایک الیکٹران اپنی جگہ چھوڑتا ہے تو اس مقام کو سوراخ کہتے ہیں۔

12۔ a) داخلی نیم موصل b) خارجی نیم موصل

13۔ قسم کے نیم موصل اور n- قسم کے نیم موصل کے درمیان پائے جانے والے جوڑ جس میں قلمی ساخت میں بنا کوئی تبدیلی ہوئے دونوں سرے p-n ہوتے ہیں۔

14۔ p-n جوڑ کے p سرے پر برقی رو کا مثبت سرا اور n سرے پر برقی رو کا منفی سرا جوڑنے پر ترسیلی میلان ہوتا ہے۔

15۔ p-n جوڑ کے p سرے پر برقی رو کا منفی سرا اور n سرے پر برقی رو کا مثبت سرا جوڑنے پر ترسیلی میلان ہوتا ہے۔

16۔ a) ایصالیت زیادہ ہوتی ہے۔ b) مزاحمت کم ہوتی ہے۔

17۔ a) ایصالیت کم ہوتی ہے۔ b) مزاحمت زیادہ ہوتی ہے

18۔ اقلیتی موجہ بردار سے برقی رو کافی قلیل مقدار یعنے مائکروایمپئر میں پائی جاتی ہے۔

19۔



شکل: 17.10: ڈائیوڈ کا برقیاتی دور

20۔ p-n جنکشن ڈایئوڈ برقی رو کو ایک ہی سمت میں بہنے کو ترجیح دی جاتی ہے۔اس عمل کو راست گری کہتے ہیں۔

21۔ ڈایئوڈ ایک ہی سمت میں برقی رو بہنے دیتا ہے اس لئے اس کو راستگر کہتے ہیں۔

22۔ ٹرانزسٹر ایک ایسا مزاحمت کار ہے جو داخل شدہ سے خارج شدہ کی جانب برقی اشارات کی افزوں گری کرتا ہے۔

23۔ اجماع کنندہ، قاعدہ اخراج کنندہ

24۔ اخراج کنندہ۔۔۔۔زیادہ ارتکاز ہوتا ہے

قاعدہ۔۔۔۔۔۔۔کم ارتکاز ہوتا ہے

اجماع کنندہ۔۔۔۔ارتکاز معتدل ہوتا ہے۔

25۔ اخراج کنندہ---برقی رو کے بہاؤ کے لئے بار بردار کو زیادہ تعداد میں قاعدہ کی سمت مہیا کرتا ہے۔

قاعدہ------قاعدہ کا کام اجماع کنندہ میں جمع شدہ بار بردار پر قابو رکھنا ہوتا ہے۔

اجماع کنندہ-----اخراج کنندہ سے مہیا کردہ زائد بار بردار کے ایک بڑے حصہ کا اجماع کرتا ہے۔

27۔



شکل: 17.7: ترکیبی میلان

28۔ ڈیوڈ اہتزازگر کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے۔

29۔



30۔



31۔ ٹرانزسٹر کا استعمال افزوں گر، اہتزازگر اور سوئچوں کے ادوار میں ہوتا ہے۔

32۔ درجہ حرارت جس پر کوئی شئے اعلیٰ موصل میں تبدیل ہوتی ہے فاصل درجہ حرارت کہتے ہیں۔

33۔ علیٰ موصیلیت کا مظاہرہ کرتی ہیں

گیسوں کا طرزِ عمل Behaviour of Gases

1۔ گیس

2۔ 1۔گیسیس بے حد ایجاز پذیر ہوتی ہیں۔

2۔گیسیس تمام سمتوں میں مساوایانہ دباؤ ڈالتی ہیں

3۔گیسیس میکانکی امداد کے بغیر ہر تناسب میں گھل مل جاتی ہیں

4۔گیس مادے کی باقی دوحالتوں کے موازانہ میں کم کثیف ہوتی ہیں۔

3۔ مستقل دباؤ پر مقررہ کمیت کی گیس کا حجم مطلق تپش کے ساتھ راست تناسب رکھتا ہے۔

$$V \alpha T$$

$V=KT$ K ایک مستقل ہوتا ہے۔

4۔ تپش کی وجہ غباروں میں پائی جانے والی ہوا کا حجم زیادہ ہوتا ہے اسلئے گرما میں غبارے زیادہ پھٹتے ہیں۔

تپش کی وجہ سے سوڈا باٹل میں گیس کا حجم بڑھ کر سوڈا باٹل ٹوٹتی ہے۔

5۔ مستقل تپش پر دی گئی کمیت کی خشک گیس کا حجم دباؤ کے ساتھ معکوس تناسب رکھتا ہے۔

$$V \alpha \frac{1}{P}$$

$V=K\frac{1}{P}$ $PV=K$ K تناسب کا مستقل ہوتا ہے۔

6۔ 1۔جب غوطہ خور اچانک سمندر کی اوپری سطح پر آتے ہیں تو کم دباؤ کی وجہ سے ان کی موت ہوتی ہے۔

2۔ہوا بھرا غبارہ کی بھینچنے میں دباؤ کے اضافہ سے وہ ٹوٹتا ہے۔

7۔ اعلیٰ ارتکازی خطے سے ادنیٰ ارتکازی خطے کی جانب گیس کی بے تکی حرکت نفوذ پذیری کہلاتی ہے۔

8۔ گیس کی نفوذ پذیری کی شرح گیس کے اس حجم کے مساوی ہوتی ہے جو اکیئی وقت میں نفوذ پاتا ہے۔

9۔ گیس کی نفوذ پذیری کی شرح اسکی کثافت کے جذر المربعکے ساتھ معکوس تناسب رکھتی ہے۔

10۔ نفوذ پذیری کی شرح گیس کی کمیت کے ساتھ معکوس تناسب رکھتی ہے۔

$$r = K \times \frac{v}{m}$$

11۔ تصور کیجئے کہ دی گئی گیس کی کمیت G۔ درجہ حرارت T1 کیلون (k) اور حجم V1 لیٹر۔ مستقل دباؤ پر حرارت T2 تک بڑھائی جانے پر گیس کا حجم V2 لیٹر۔

چارلس کے کلیہ کے مطابق

$V1 = KT1$

$K = \frac{V1}{T1}$ 1

اسی طرح

$V2 = KT2$

$K = \frac{V2}{T2}$ 2

1 اور 2 میں کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

مستقل دباؤ پر

$\frac{V1}{T1} = \frac{V2}{V2} = K$

خلائی سائنس Space Scienc Part A

1۔ a)ہائیڈروجن

2۔ b) 1.4 گناہ زیادہ سورج کی کمیت سے۔

3۔ d)پلسار

4۔ b) تقریباً 250 میلین سال پہلے۔

5۔ c) عظیم دھماکہ نظریہ

II

1۔ ابتدائی ستارہ

2۔ سرخ ھیولے کا بیرون حصہ خلاء میں داخل ہونے پر اس کو سحابیہ کہتے ہیں۔

3۔ نیوٹرانی ستارہ جو پلسیس کی صورت میں ریڈیائی شعاعیں خارج کرتے ہیں۔ان کو پلسار کہتے ہیں۔

4۔ سرخ ھیولا جو سورج سے پانچ گناہ ہوتا ہے اس کے پھٹنے کو عظیم دھماکہ نو Supernove Expolsion کہتے ہیں۔

5۔ a) بیضوی کہکشاں b) چکردار کہکشاں c) بے قاعدہ کہکشاں

6۔ دودھیہ راستہ

7۔ عظیم دھماکہ نظریہ

8۔ اولین آتشی گولہ کے پھٹنے سے کاینات کا وجود عمل میں آیا اس کو عظیم دھماکہ کہتے ہیں۔

خلائی سائنس Space Science Part B

جوابات Answers

1۔ 11.2Km/s (a

2۔ b)سائنسی آلات

3۔ b)مصنوعی سیاچے

4۔ 36000 Km (c

II

1۔ ایندھن اور تکسید کار کے آمیزہ کو محرک مادہ کہتے ہیں۔

2۔ a)مائع ہائیڈروجن اور مائع آکسیجن b) مٹی کا تیل اور موئع آکسیجن

c) ہیڈرازن اور مائع آکسیجن

3۔ نیوٹن کا تیسرا کلیہ ''ہر عمل کا مساوی اور مخالف ردعمل ہوتا ہے۔جہاں پر عمل اور ردعمل علحدہ اشیاء پر عمل کررہا ہو''۔

4۔ تحفظ معیاری حرکت کا کلیہ ''نظام کا مجموعی معیار حرکت محفوظ یعنی مستقل رہتا ہے اگر چہ نظام پر عمل پیرا مجموعی بیرونی قوت صفر ہو''

5۔ مساوات دبک رفتار

6۔ زمین کے اطراف دائروی راستے ہو مصنوعی سیارچے کی رفتار، مداری رفتار کہلاتی ہے۔

7- زمینی کشش ثقل سے کسی جسم کو نکلنے کیلئے کم سے کم رفتار کو اس جسم کی رفتارِ فرار کہا جاتا ہے۔

8-

9- ضروری طاقت مہیا کرانے کیلئے بہت سے راکٹس کو ایک پر ایک ترتیب میں جوڑ کر بنائیے گئے راکٹس، ہمہ منزلہ راکٹس کہلاتے ہیں۔

10- PSLV: - Polar Satellite Launching Vehicle

GSLV : - Goesynchronous Satellite Launching Vehicle

ISRO :- Indian Space Research Organisation

11- ایک منزلہ راکٹ کا خاکہ



شکل 24.13: یک منزلہ راکٹ

Chemistry کیمیاء

عناصر کی معیادی درجہ بندی

1 :جدید معیادی جدول کا کلیہ لکھیے ؟

2: کلیہ تثلیث کی کوئی ایک مثال لکھئے؟

3: 18ویں گروہ کے عناصر کو شاہی گیسیس کہتے ہیں کیوں؟

4:: جدید معیادی جدول میں معیاد اور گروہ سے کیا مراد ہے؟

5: جدید معیادی جدول کے چار بلاک کے نام لکھیے ؟

6: سوڈیم کے جوہر کی الیکٹرانی ترتیب لکھیے ؟

7: دھات نما سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیئے ؟

8: عبوری عناصر سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجئیے ؟

9: جدید معیادی جدول کے کوئی تین فوائد لکھیے ؟

10: اُئسوٹوپ کیا ہے؟ کاربن کے چار اُئسوٹوپ لکھیے ؟

11: گروہ 14 کا سب سے اچھا نیم موصل

A) کاربن B) جرمینیم C) سیسہ D) سلیکان

12: معیادی جدول میں حسب ذیل وقفہ بہ وقفہ ظاہر ہوتے ہیں؟ A) جوہری عدد B) عام خصوصیت C) جوہری کمیت D) اُئسوٹوپ

13: نیان کا گروہ نمبر

1(A 8(B 9(C 18(D

سلیکان(Silicon)

1: سلیکان کا جوہری عدد اور جوہری کمیت لکھیے؟

2: سلیکان کی الیکٹرانی ترتیب لکھیے؟

3: سلیکان کے بہروپی شکل کے نام لکھیے؟

4: قلمی اور غیر قلمی سلیکان کے درمیان کوئی دو فرق ظاہر کیجئے؟

5: اخراج حرارت تعامل کیا ہے؟ سلیکان کا بھاپ کے ساتھ تعامل متوازن مساوات کے ذریعہ لکھیے؟

6: Si + C   > SiC یہ تعامل جذب حرارت تعامل ہے۔ سمجھائیے؟

7: کس طرح قلمی سلیکان، سلیکا سے حاصل ہوتا ہے؟

8: سلیکان کے مرکبات کے دو استعمالات بتلائیے؟

9: سلیکان کا حیاتی مفہوم اور نقصان (hazard) بتائیے؟

10: کوارٹز کا استعمال

a) جدید گھڑیاں b) لون نگاری c) شیشہ کی تیاری d) کاٹنے کے اوزار

11: سلیکان کا کمیتی عدد

a) 28 b) 56 c) 6 d) 14

نیوکلائی توانائی

1: نیوکلائی بھٹی میں استعمال ہونے والا ایندھن ہے۔

a) کاربن b) یورینیم c) کیاڈیم d) گرانائٹ

2: ذیل میں کونسا مادہ عام طور پر اعتدال ساز کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

a) کیاڈیم b) بوران c) گرانائٹ d) مائع سوڈیم

3: نیوکلائی بھٹی میں بھاری پانی استعمال کیا جاتا ہے تاکہ۔

a) نیوٹرانوں کو پیدا کرنے۔ b) نیوٹرانوں کی رفتار کو دھیمی کرنے

c) نیوٹرانوں کی رفتار کو بڑھانے d) نیوٹرانوں کو جذب کرنے

4: نیوکلائی انشقاق کو بیان کرو؟

5: ناظم سلاخیں بنانے میں کونسی دھات کو استعمال کیا جاتا ہے؟

6: فطری طور پر مرکزہ پگھلاؤ کہاں واقع ہوتا ہے؟

7: باثروت یورانیم سے کیا مراد ہے؟

8: آئین سٹین کی مساوات کمیت اور توانائی کو بیان کرتے ہوئے اسمیں استعمال ہونے والے اجزا (علامتوں) کے درمیان تعلق کی وضاحت کیجئے؟

9: یورینیم 235 کے مسلسل ردعمل کو شکل کے ذریعہ ظاہر کرو؟

10: نیوکلیائی انشقاق اور نیوکلیائی انطباق میں کوئی دو فرق لکھئے؟

Industrial Inorganic Chemistry صنعتی غیرنامیاتی کیمیاء

:1 فلنٹ شیشہ کا ایک اور نام ۔

a) سوڈا لائم شیشہ b) پوٹاش لائم شیشہ c) لیڈ شیشہ d) بوروسلیکیٹ شیشہ

2) شیشہ سازی کے دوران گداخت پزیری کو بڑھانے والا مادہ

a) سوڈا b) چونے کا پتھر c) ریت d) کرچیں (ناکارہ شیشیہ کے ٹکڑے)

3) عدسہ میں استعمال ہونے والا شیشہ

a) لیڈ شیشہ b) بوروسلیکیٹ شیشہ c) سوڈا لائم شیشہ d) محفوظ شیشہ

4) شیشہ کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام اشیاء کے نام لکھیے ۔

5) دھیرنا یا سردانا سے کیا مراد ہے؟

6) صیقل کاری کسے کہتے ہیں؟

7) ترابیات (پورسیلین) کی تیاری میں استعمال ہونے والی خام اشیاء کے نام بتایئے ۔

8) ترابیات (پورسیلین) کے کوئی دو استعمالات لکھیے ۔

9) کاغذ کے مختلف اقسام کے نام لکھیے ۔

10) کاغذ کے کوئی دو تحدیدات لکھیے ۔

Carbon and its Compoundsکاربن اور اسکے مرکبات

1۔ فریڈرچ ویھلر نے نامیاتی مرکب تیار کیا

a) نباتاتی تیل b) یوریہ c) سکروز d) کیلشیم سلفیٹ

2۔ کاربن کی مخصوص خاصیت

a) ہم گرفتی بندھن بناتا b) نیم ایصالیت c) بندیشی خاصیت، چوگرفتی ہم ترکیب d) ایانی بندھن

3۔ ہیڈروکاربن مرکبات ہیں۔

a) C,H,O b) C, H c) H, C d) CO_2, H_2O

4۔ 5 کاربن رکھنے والے الکین (Alkane) کا سالمی ضابطہ لکھئے۔

a) C_5H_8 b) C_5H_{10} c) C_5H_5 d) C_5H_{12}

5۔ بینزال ڈی ہائڈ میں پایا جانے والا تفاعلی گروہ

a) -OH b) -COOH c) -CHO d) NH2

6۔ قوت حیات کا نظریہ کیا ہے؟ اس کو کس نے غلط ثابت کیا؟

7۔ بندھشی خاصیت سے کیا مراد ہے؟

8۔ سب سے سادہ ہیڈروکاربن کونسا ہے؟

9۔ ٹالین (Toluene) کے استعمالات لکھئے۔

10۔ بینزین کا سالمی اور ساختی ضابطہ لکھئے۔

11۔ تفاعلی گروہ سے کیا مراد ہے؟ دو کے نام لکھئے۔

12۔ الکوہل میں ہم گرفتی بندھن ہوتا ہے۔ کیوں؟

13 چربدار ترشوں سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال دیجئے۔

صنعتی نامیاتی کیمیاء(Industrial organic chemistry)

سوالات:

1: سکروز کی زیادہ مقدار رکھنے والی ترکاری۔

a) مولی b) چقندر c) آلو d) سبز پتیاں

2: شیرے کا تخمیر شدہ مادہ کہلاتا ہے۔

a) خام شئے b) آش شہ مبر c) پھوک d) رسوب

3: میتھینال کا سالمی ضابطہ

CH_3OH(a $C_2H_4(OH)_2$(b C_2H_5OH(c HCHO (d

4: سکروز کا ساختی ضابطہ لکھیئے ۔

5: پھلوں کے جام(fruit jams) کی تیاری میں استعمال کئے جانے والے ترکیبی جز کا نام بتائیے۔

6: فطری (قدرتی) کثیر ترکیبیہ کی مثال دیجیئے ۔

7: کاربوہائیڈریٹس کی درجہ بندی لکھیئے ۔

8: پھوک(bagasse) کیا ہے؟ اسکے استعمالات بتائیے۔

9: شکر سے ایتھائل الکوہل کو کس طرح تیار کیا جاتا ہے؟

10: عمل تخمیر کی دو مثالیں بتائیے۔

دھاتیں Metals

1۔ ذیل میں الیکٹران کو دینے والے

a) پوٹاشیم b) فاسفورس c) آکسیجن d) کلورین

2۔ ہیماٹائٹ کا سالمی ضابطہ

a) $Fe_2O_3.H_2O$ b) $FeCO_3$ c) Fe_3O_4 d) Fe_2O_3

3۔ کس حالت میں ہائیڈروجن کیس خارج ہوتی ہے۔

a) لوہے پر پانی ڈالنے پر b) گرم لوہے پر پانی ڈلنے پر c) گرم سرخ لوہے پر بھاپ ڈالنے پر d) لوہے کو ٹھنڈے پانی میں رکھنے پر

4۔ ہوائی جہاز اور ریلوے کے ڈبے بنانے کیلئے کونسی بھرت استعمال ہوتی ہے۔

a) پیتل b) کانسہ c) ڈورالمین d) النیکو

5۔ المونیم کی تحصیل جاتی ہے۔

a) جھاگیلا طریقہ b) آبی دھلائی c) ہال ہیرو کلاٹ طریقہ d) کچ دھات کا ارتکاز

6۔ کونسی دھاتیں پانی سے تعامل نہیں کرتی ہیں؟

7۔ دھات سازی کو کیا مراد ہے؟

8۔ گدازندہ Flux سے کیا مراد ہے؟

9۔ لوہے کے دو کچ دھات کے نام لکھئے۔

10۔ آبی دھلائی سے کیا مراد ہے؟ یہ کس دھات کے لئے موزوں ہے؟

11۔ لوہے کی تحصیل میں دھاتیکس کچ دھات کے لئے موزوں ہے؟

12۔ المونیم کی تحصیل کا خاکہ بنا کر ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

13۔ دھاتوں کی تخلیص کے تین طریقے لکھئے۔

14۔ تانبہ ترشیہ سے تعامل بیان کیجئے۔

15۔ دھاتوں کے تین طبعی خواص لکھئے۔

Ionic Conduction ایانی ایصال

1۔ کوئی دو دھاتی ایصالی کے نام لکھئے۔

2۔ عام نمک کر مثبیرہ اور منفیرے کے نام لکھئے۔

3۔ برق پاشیدہ محلول کیا ہے؟

4۔ طاقتور برق پاشیدہ محلول کے دو مثالیں دیجئے۔

5۔ برق پاشیدائی کی تشریح کیجئے۔

6۔ برقی ملمع کاری کیا ہے؟ کوئی دو مثالیں دیجئے۔

7۔ برق پاشیدائی کے دو مثالیں دیجئے۔

8۔ شئے کا کیمیائی معاول (برق پاشیدہ) کو ظاہر کیجئے۔

a) (گرفت × جوہری کمیت) سے

b) (گرفت + جوہری کمیت) سے

c) (گرفت ÷ جوہری کمیت) سے

d) (گرفت - جوہری کمیت) سے

9۔ اولٹائی خانہ کا صاف خاکہ بنا کر ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

10۔ برقی ملمع کاری کا خاکہ بنا کر ناموں کی نشاندہی کیجئے۔

11۔ فاراڈے کے مستقل کی مقدار کیا ہے؟

Answers جوابات

Periodic Classification of Elementsعناصر کی معیادی درجہ بندی

1: عناصر کی خصوصیات ان کے جوہری عدد کے معیادی تفاعلات ہوتے ہیں.

2: جوہری کمیت عناصر

مثال: 35.5 کلورین

80 بروین

127 اُیوڈین

$$\frac{Cl+I}{2} = Br$$

$$\frac{35.5+17}{2} = 81$$

3: یہ دیگر عناصر کے ساتھ کیمیائی بندھن نہیں شاہی گیسیس کیا جاتا ہے۔

4: عمودی ستون گروہ کہتے ہیں۔ افقی صفیں معیاد کہلاتے ہیں۔

5: sبلاک، pبلاک،dبلاک، fبلاک

6: لیکٹرانی ترتیبNa-11: 1s2,2s2,2p6,3s1

7: عناصر جو مکمل طور پر دھاتیں نہ ہوکر ادھاتوں کے چند طبع خصوصیات رکھتی ہوں دھات نما کہلاتی ہیں۔

مثال: جرمینیم

8: عناصر جن کے الیکٹران اُخری خول سے عین پچھلے خول کو جزوی طور پر نا مکمل رکھتے ہوئے اُخری خول کو مکمل طور پر پر کرتے ہوں۔

مثال: یورانیم

9: 1: علم کیمیاء کا مطالعہ اختیار پزیر ہوا۔اور مفروضہ یعنی عناصر کو ایک منظّم طریقہ سے پڑھا جانے لگا۔

2: نا دریافت شدہ عناصر کی جوہری کمیت کا اندازہ لگایئے۔ چند خصوصیات اور دیگر تفصیلات معلوم ہوئی۔

3: الیکٹرانی تشکیل اور کیمیائی بندھن کی فطرت کی بنیاد پر جدید معیادی جدوج اور مینڈ لیف کے جدول میں چند مشابہتیں پائی گئی۔

4: عناصر کے رجحان ومعیادیت کی خصوصیات کی وضاحت عام فہم ہے۔اور جوہری طرزعمل کا ثبوت مہیا کرتی ہے۔

5: معیادی جدول میں عناصر کے محل ومقال معلوم کرنے میں معاون ہوتی ہے۔

10: ایک ہی عناصر کے ایسے جواہر جو یکساں جوہری عدد لیکن مختلف جوہری کمیت جوہری کمیت رکھتے ہیں۔

C^{14}, C^{13}, C^{12}

11: سلیکان

12: جوہری عدد

13: 18

سلیکان Silicon

1: سلیکان کا جوہری عدد-14 ہے اور جوہری کمیت-28، علامت-Si

2: Si کی الیکٹرانی تشکیل $1s^2,2s^22p^6,3s23p^2$

3: دو بہروپی اشکال 1- غیر قلمی amarphous

2- قلمی crystaline

4: غیر قلمی سلیکان | قلمی سلیکان

1- بھورے سفوف کی شکل میں ہوتا ہے۔ گہرے بھورے قلمی شکل میں ہوتا ہے۔ جو ہیرے کے مشابہت رکھتا ہے۔

2- پست درجہ حرارت پر برقی رو کی موصلیت نہیں رکھتا۔ برقی رو کی بہت کم موصلیت رکھتا ہے۔

3- تیز عامل ہوتا ہے۔ سست عامل ہوتا ہے۔

4- ہوا میں گرم کرنے پر سطحی ذرات کے تکسید پانے سے آگ پکڑ لیتا ہے۔ گرم کرنے باوجود ہوا میں نہیں جلتا۔

5: کیمیائی تعامل جن میں حرارت کا اخراج ہوتا ہو، اخراج حرارت تعامل (exothermic reacton) کہلاتا ہے۔

1- سلیکان سرخ گرم حالت میں بھاپ کی تحلیل کرتے ہوئے ہائیڈروجن آزاد کرتا ہے۔

$$Si + 2H_2O \quad > SiO_2 + 2H_2$$

6: اس تعامل میں حرارتی توانائی جذب ہوتی ہے۔ لہذا کیمیائی تعامل جو حرارتی توانائی کو جذب کرتا ہے۔ جذب حرارت تعامل کہلاتا ہے۔

7: قلمی سلیکان کو کوک سے ریت (سلیکان) کی تخفیف سی حاصل کیا جاتا ہے۔ سلیکان ڈائی آکسائیڈ (ریت یا سلیکا) کی کثیر مقدار کو کوک کے ساتھ برقی بھٹی میں ہوا کی غیر موجودگی میں گرم کیا جاتا ہے تو گہرے بھورے رنگ کا قلمی سلیکان حاصل ہوتا ہے۔

$$SiO_2 + 2C \quad > Si + 2CO$$

8: زیولائٹ: کا استعمال: 1) پانی کی سختی دور کرنے اور لون نگاری میں ہوتا ہے۔ 2) بلور کا استعمال جدید گھڑیوں میں ہوتا ہے۔

3) زرکان یا ٹوپاز کا استعمال زیور یا زیوراتی اشیاء بنانے میں ہوتا ہے۔

4) ریت (سلیکا) کا استعمال عمارتی تعمیری شئے کے طور پر اور سمینٹ کانکریٹ میں ہوتا ہے۔ شیشہ سازی میں بھی ریت کا استعمال ہوتا ہے۔

5) سلیکان کاربائیڈ: کا استعمال کانٹے اوا گھنے کے اوزار بنانے میں ہوتا ہے۔ گرانائٹ کو پالیش کرنے۔

9: حیوانات میں عصبوی کائی (diatoms)، ریڈیولیریائی (radiolaria)، سلیکائی اسفنج (siliceous sponges)، حیاتی سلیکا (biogentic silica) کو ڈھانچے اور تعمیری مجسمات کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ چاول کی نشونما میں سلیکان درکار ہے۔

نقصانات: کانکنی کرنے والے مزدور، پتھر توڑنے والے مزدور از بستس فیکٹریوں، شیشہ فیکٹریوں، سمینٹ فیکٹریوں وغیرہ میں کام کرنے والے مزدور کبھی کبھار پیشہ وارانہ خطرے سے دوچار ہوتے ہیں۔ جسے سلیکا روک (silicoses) کہا جاتا ہے۔

10: کوارٹز کا استعمال: جدید گھڑیوں میں، ٹرانسسٹر، راست گر، ڈائیوڈ وغیرہ

11: a) 28 کمیتی عدد ہے۔

نیوکلیائی توانائی Nuclear Energy

:1 (b یورانیم

:2 (c گرانائیٹ

:3 (b نیوٹرانوں کی رفتار دھیمی کرنے

:4 نیوکلیائی انشقاق یا مرکزہ کا انشقاق وہ عمل ہے جس میں وزنی عنصر کا غیر متحکم مرکزوں میں بٹتا ہے اور بے انتہائی توانائی پیدا ہوتی ہے۔

:5 کیاڈیم یا بوران سے بنی سلاخوں کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

:6 سورج اور دیگر ستاروں میں نیوکلیائی پگھلاؤ (انطباق)

:7 قدرتی یوریانیم میں یورانیم کے انشقاق آئسوٹوپ کی فی صد مقدار کا بڑھانا باثروت یوریانیم کہلاتا ہے۔

:8 $E=mc^2$ جہاں 'E' آزاد شدہ توانائی کی مقدار (جول میں)

m -> منتقل شدہ کمیت (کلوگرام میں)

c -> روشنی کی رفتار ($3x10^8$m/s)

:9 شکل نمبر (10.1)



:10 (کوئی دو)

	نیوکلیائی انشقاق	نیوکلیائی انطباق یا (پگھلاؤ)
:1	ایک بڑا مرکزہ ٹوٹ کر دو چھوٹے حصوں میں بناتے ہیں۔	دو یا زیادہ مرکزے پگھلتے ہوئے منطبق ہو کر وزنی مرکزہ بٹتے ہوئے توانائی اور نیوٹران خارج کرتا ہے۔
:2	اسے قابو میں کیا جا سکتا ہے۔	اسے قابو میں کرنا فی الحال ممکن نہیں۔
:3	اس عمل کے لئے بلند درجہ حرارت درکار ہے۔	اس عمل کے لئے بے حد بلند درجہ حرارت تقریبا (106k) درکار ہے۔
:4	تابکار حالات بننے کی وجہ اشعاعی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔	تابکار حاصلات چونکہ نہیں بنتے اس لئے اشعاعی آلودگی پیدا نہیں ہوتی۔

صنعتی نامیاتی کیمیاء

1) سیسہ (لیڈ) شیشہ

2) کرچیں (ناکارہ شیشہ کے ٹکڑے)

3) لیڈ شیشہ

4) شیشہ کی تیاری میں استعمال ہونے والی اشیاء (1) سوڈا (2) چونے کا پتھر (3) ریت (4) کرچیں

5) شیشہ کے مائع کو دھیرے دھیرے ٹھنڈا (سرد) کرنے کے عمل کو عمل دھیرینا یا سردانا کہتے ہیں۔

6) مٹی سے بنی اشیاء کو غیر مسامدار، ملائم اور چمکیلا بنانے کا عمل صیقل کاری کہلاتا ہے۔

7) ترابیات (پورسیلین) کی تیارے میں استعمال ہونے والی خام اشیاء چکنی مٹی جیسے کاولی نائٹ اور بینٹونائٹ، فلنٹ، بلور اور فلیڈ سپار ہیں۔

8) i) ترابیات کو برقی بہاؤ روکنے کیلئے حاجز کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

ii) بال بیرنگ میں اسٹیل کی گولیوں کو ترابیات کی گولیوں سے تبدیل کیا جاسکتا ہے۔

iii) ترابیات کو دندان سازی اور تالیفی اشیاء کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔

9) کاغذ کے مختلف اقسام کے نام (1) تقطیری کاغذ (2) حریری کاغذ (3) مومی کاغذ (4) دفتی کاغذ

10) (i) پلاسٹک کی طرح کاغذ مکمل طور پر غیر مسامدار نہیں ہوتے ہیں۔ (ii) کاغذ کی تنشی طاقت اس کے نم ہونے پر کم ہوتی ہے۔

کاربن اوراسکے مرکبات

1۔ b)یوریہ

2۔ c)بندھشی خاصیت،چوگرفتی،ہم ترکیب

3۔ C,H (b

4۔ C_5H_{12} (d

5۔ -CHO (c

6۔ نامیاتی مرکبات کی تشکیل جاندارنظام میں ہوتی ہے۔اس نظریہ کوفریڈرچ وہلر نے غلط ثابت کیا۔

7۔ کاربن کی مخصوص خاصیت جس میں کاربن کاربن سے جڑ کرلمبی زنجیر بناتا ہے بندشی خاصیت کہتے ہیں۔

8۔ میتھین CH_4

9۔ 1) ٹالین کا استعمال تیل،رنگ وروغن،بیروزہ،وغیرہ میں محلل کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

2) دھماکو اشیاء جسے ٹی،ین،ٹی کی تیاری میں ہوتا ہے۔

10۔ H C_6H_6

11۔ کسی بمیاتی مرکب کے ساتھ میں موجود جوہروں کے گروہ جس سے اس مرکب کی امتیازی خصوصیات طئے ہوتی ہیں تفاعلی گروہ کہلاتا ہے۔

12۔ اساس کی طرح (OH-) تفاعلی گروہ کاربن کے جوہروں کے ساتھ الیکٹران کیا شراکت کرتیھیں اس لئے الکوہل میں ہم گرفتی بندھن پایا جاتا ہے۔

13۔

14۔ الکینس (alkanes) یاالکینس (alkenes) کے سروں پر کاربا کسلی تفاعلی گروہ موجود ہوتوانکو چربدار ترشے کہتے ہیں۔ مثال اسٹیرک ترشہ $(C_{17}H_{35}COOH)$

صنعتی نامیاتی کیمیاء Industrial Organic Chemistry

1: b) چقندر

2: b) آش شعیر

3: a) CH_3OH

4: سکروز کا ساختی ضابطہ $C_{12}H_{22}O_{11}$ ہے۔

5: اعلیٰ ارتکاز شدہ شکر کو پھلوں کے جام کی تیاری استعمال کیا جاتا ہے۔

6: نشاستہ (starch) ایک قدرتی کثیر ترکیبیہ ہے۔

7: کاربوہائیڈریٹس کی ایک شکرے، دو شکرے اور کثیر شکرے میں درجہ بندی کی گئی ہے۔

8: گنے سے رس نکالنے کے بعد تلچھٹ کے طور پر باقی رہنے والے گنے کے سیلولوز مادے کو پھوک کہا جاتا ہے، پھوک کو ایندھن کے طور پر یا گتہ بنانے میں ایک خام شئے کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

9: شکر کی تیاری کے دوران گنے کے رس کا کچھ حصہ غیر قلمی رہ جاتا ہے اور یہ بھرا ایس دار سیال شیرہ کہلاتا ہے۔ اسی شیرے کے استعمال سے ایتھائیل الکوہل یعنی ایتھینال تیار کیا جاتا ہے۔

10: دودھ کا دہی بننا۔ اڈلی اور دوسے کے مادے کا برتن میں اوپر اٹھنا، پکی ہوئی غذائی اشیاء میں خرابی پیدا ہونا وغیرہ عمل تخمیر کی مثالیں ہیں۔

دھاتیں Metals

1۔ a) پوٹاشیم

2۔ d) Fe_2O_3

3۔ c) گرم سرخ لوہے پر بھاپ گذاری جانے پر

4۔ c) دیورالمن

5۔ c) ہال ہیرالٹ طریقہ

6۔ پلاٹینم اور سونا

7۔ کچ دھات سے دھات حاصل کرنے کے طریقہ کو دھات سازی کہتے ہیں۔

8۔ ارتکاز کے دوران کچ دھات میں موجود زمینی کثافتیں اگر رہ گئے ہوں تو انہیں ہٹانے کیلئے کچ دھات میں جو شئے ملائی جاتی ہے اس کو گذارندہ (FLUX) کہتے ہیں۔

9۔ ہیماٹائٹ اور میگناٹائٹ

10۔ لوہے کی کچ دھات کے باریک سفوف پر پانی کی تیز دھار بہانے سے غیر ضروری ہلکی اشیائ دھل کر علیحدہ ہو جاتی ہیں اور ریت تہہ نشین ہوتی ہے۔

11۔ دھاتی میل (Slag) لوہے کی تکسید یا آکسائڈ بننے سیروکتا ہے۔

12۔



شکل 15.7: جھکڑ بھٹی

13۔ a) اماتی عمل b) منطقی تخلیص یا کسری قلماؤ c) برق پاشیدائی تخلیص

14۔ سونا یا پلاٹینم

15۔ i) کمرے کی تپش پر ٹھوس ہوتی ہے۔

ii) پرآواز دار ہوتی ہیں

iii) تار یا ورق پذیر ہوتی ہیں

iv) برقی رو کے اچھے موصل ہوتے ہیں

v) چمکدار ہوتے ہیں۔

آیانی ایصال Ionic Conduction

1- لوہا اورالمونیم

2- Na+ Cl-

3- چند آبی محلل میں راست برقی رو کے گذارنے پر کیمیائی تعامل واقع ہوتے ہیں۔اس طرح کے محلول کو برق پاشیدہ محلول کہتے ہیں

4- طاقتور برق پاشیدہ محلول کی مثالیں: سوڈیم کلورائڈ ہائیڈروکلورک ترشہ

5- کیمیائی اشیاء آبی (پگھلی) حالت میں برق کا ایصال کرتے ہیں برق پاشیدہ یا برق گذار کہلاتے ہیں۔

6- برق پاشیدگی کا اطلاق: برقی ملمع کاری سے دھات پر بنی اشیاء پر ایک اور دھات کی پرت چڑھائی جاتی ہے تاکہ وہ اشیاء خوش نما ہوجائیں۔

مثال: دھاتوں سے بنے چمچہ، زیورات، کانٹے، پر چاندی یا سونے کی پرت چڑھائی جاتی ہے۔

7- برق پاشیدائی ایصال کا دونام 1) سوڈیم کلورائڈ 2) کیلشیم کلورائڈ

8- (c) گرفت ÷ جوہری کمیت

9- شکل نمبر 22.2



10- شکل نمبر 22.4



11- فاراڈے کے مستقل f کی مقدار 96500 کولمب فی مول (f=96500columb/mole)

Biology حیاتیات

ماحولیاتی مسائل Environmental Issues

I۔ صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ حسبِ ذیل سے حیاتی معزولی آلائندے ہے۔

a) گندھک کے مرکبات b) سیسہ کے مرکبات c) میل آب d) کیڑے ماراودویات

2۔ ذیل میں سب سے زیادہ نقصاندہ آلائندہ ہے۔

a) نائٹروجن آکسائیڈ b) کاربن مونوآکسائیڈ c) کاربن ڈائی آکسائیڈ d) گندھک کے آکسائیڈ

3۔ فضائی کرّہ میں اوزون پرت کونقصان پہنچانے والی کیمیائی شئے ہے۔

a) پارہ b) سیسہ c) کاربن d) کلورین

4۔ سگریٹ کے دھویں میں زیادہ مقدار والا مرکب۔

a) کاربن ڈائی آکسائیڈ b) ہیڈروکاربن c) گندھک کا آکسائیڈ d) کاربن مونوآسائیڈ

II۔ حسبِ ذیل کے جواب لکھئے؟

1۔ حیاتی معزول آلائندہ کیا ہے؟ مثال دیجئے ؟

2۔ غیر حیاتی معزول آلائندہ سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجئے ؟

3۔ ہوائی آلودگی کیا ہے؟

4۔ شور کی آلودگی کیا ہے؟

5۔ تابکار آلودگی سے کیا مراد ہے؟

III۔ حسبِ ذیل کے جواب لکھئے۔

6۔ ہوائی آلودگی کے کوئی چار اسباب لکھئے؟

7۔ پانی کی آلودگی کے دو اسباب لکھئے؟

8۔ تابکار آلودگی کے دو اسباب لکھئے؟

9۔ زیرزمین پانی کو آلودہ کرنے والے آلائندہ کے نام لکھئے؟

10۔ شور کی آلودگی کر کوئی چار وجوہات لکھیئے ؟

11۔ زمینی آلودگی کے کوئی دو وجوہات لکھئے؟

سبز نباتات اور کورڈیٹس

I۔ حسبِ ذیل سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ حسبِ ذیل سے سرخ الگائی کے مثال کا انتخاب کیجئے۔

a) پالی سائفونیا b) سرگیسم c) اسپائروگائرا d) یکٹوکارپس

2۔ رینگنے والے حیوانات میں دل

a) دوخانوں والا b) نامکمل چارخانون والا

c) تین خانوں والا d) چارخانوں والا

3۔ غیر متعلق کونشاندہی کیجئے۔

a) کیلوٹکس b) سلامینڈر c) گرگٹ d) ولانس

4۔ یولوتھرکس کی مثال

a) سرخ الگائی b) بھورے الگائی c) سبز الگائی d) واحد خلوی الگائی

5۔ پرندوں میں شریانی قوس (aortic arch)

a) دائیں بازو پر b) بائیں بازو پر c) دونون بازو پر d) نہیں ہوتا۔

6۔ حسبِ ذیل میں نہ اُڑنے والے پرندے کی مثال دو

a) شترمرغ b) فلامنگو c) کوّا d) بگلا

II۔ حسبِ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔

7۔ سمندری جاندار کیا ہے؟

8۔ تھیالیس کیا ہے؟

9۔ سرخ الگائی کی دو مثال دیجئے؟

10۔ بھورے الگائی کے دو مثال دیجئے؟

11۔ سبز الگائی کے دو مثال دیجئے؟

12۔ جڑ نما ساختیں کیا ہیں؟

13۔ کورڈیٹس کیا ہیں؟

14۔ تقلیب کیا ہے؟

15۔ نیومیٹک ہڈیوں سے کیا مراد ہے؟

16۔ دو انڈے دینے والے پستانیوں کا نام لکھئے؟

17۔ پھول داری کیا ہے؟

18۔ ذوحیاتی نباتات کا نام بتاؤ؟

III۔ حسبِ ذیل کے جوابات لکھئے؟

19۔ جمنوسپرمس اور انجیوسپرمس میں فرق بتایئے؟

20۔ ایک دالہ نباتات اور دو دالہ نباتات میں فرق لکھئے؟

21۔ مچھلیوں کے کوئی چار خصوصیات بتائیے؟

22۔ جل تھلیوں کے کوئی چار خصوصیات بیان کیجئے۔

نباتاتی اور حیوانی نسیجیں

I۔ صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ جب بنیادی نسیج کے خلیات میں کلورو پلاسٹ ہو تو اس کو کہا جاتا ہے۔

a) برن کائما b) کلورن کائما c) کولن کائما d) اسکلیرن کائما

2۔ فلوئم نسیج میں غذا کی سربراہی کی جاتی ہے۔

a) سیونالیاں b) ریشے c) ٹریکیا d) ٹرا کیڈس

3۔ زائلم نسیج سربراہی کرتی ہے۔

a) صرف پانی b) صرف غذا c) پانی اور غذا d) پانی اور معدنیات

4۔ حیوانات میں چربی_________میں ذخیرہ کی جاتی ہے۔

a) ہالہ نسیج b) غضروف c) شحمی نسیج d) شبکیہ دار نسیج

5۔ _______ نسیج کو نباتات کی جلد کہا جاتا ہے۔

a) تقسیمی نسیج b) بیرونی چھال کی نسیج c) بنیادی نسیج d) زائلم نسیج

II۔ درجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔

6۔ ہسٹالوجی کسے کہتے ہیں؟

7۔ نباتات میں بڑھوتری پانے والی نسیج کونسی ہے؟

8۔ نباتات میں پانی کی سربراہی کرنے والی نسیج کونسی ہے؟

9۔ نباتات میں غذا کی سربراہی کرنے والی نسیج کونسی ہے؟

10۔ نیوران کیا ہے؟

III۔ درجہ ذیل کے جوابات لکھئے۔

11۔ بنیادی نسیج کی ساخت اور فعل بیان کیجئے؟

12۔ زائلم میں پائے جانے والے مختلف خلیات کونسے ہیں؟

13۔ فلوئم میں پائے جانے والے مختلف خلیات کونسے ہیں؟

14۔ حیوانی نسیجوں کے چار مختلف اقسام کونسے ہیں؟

15۔ بندھنی نسیج کی تین مختلف اقسام کے نام بتاؤ؟

16۔ شحمی نسیج کے افعال بیان کیجئے؟

17۔ خون کے مختلف اجزاء کے نام بتایئے اور انکے افعال لکھیئے؟

18۔ خون کے سفید ذرات کے دو مختلف اقسام کے نام بتایئے؟

خوردبینی امراض Microbial Disease

I۔ صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ ________ وائرسی بیماری کی اہم علامت جوڑوں کا درد ہے۔

a) برڈفلو b) سائفلیس c) چکن گنیا d) ہیپاٹائٹس

2۔ ________ ایک جراثیمی بیماری ہے۔

a) گونوریہ b) جنیٹل ہرپس c) ایڈس d) ڈینگو

3۔ ہیپاٹائٹس۔بی سے متاثر ہونے والے عضو

a) دل b) گردہ c) معدہ d) جگر

II۔ درجہ ذیل کے جوابات لکھئے۔

1۔ یڈس یجپٹی نوع کے مچھر کونسی بیماری پھیلاتے ہیں؟

2۔ چکن گنیا کے علامتوں کی فہرست بنائیے؟

3۔ سائفلیس بیماری کیلئے ذمہ دار جراثیم کا نام بتائیے؟

4۔ گونوریہ بیماری پیدا کرنے والے خوردبینی جاندار کا نام بتائیے؟

5۔ جنیٹل ورٹس بیماری پھیلانے والے وائرس کا نام بتائیے؟

III۔1۔ درجہ ذیل بیماریوں کو وائرسی اور جراثیمی بیماریاں کے لحاظ سے علیحدہ کیجئے؟

a) چکن گنیا b) سائفلیس c) برڈفلو d) گونوریہ e) ایڈس d) ہیپاٹائٹسB

2۔ 'ماکونڈے' کے کیا معنٰی ہیں؟ چکن گنیا پیدا کرنے والے وائرس کا نام بتاؤ؟

3۔ چکن گنیا سے بچنے کے لئے آپ کیا احتیاطی تدابیر اختیار کروگے بتائیے؟

4۔ برڈفلو کی علامتیں کونسی ہیں؟ اور برڈفلو کس طرح پھیلتا ہے؟

5۔ برڈفلو سے بچنے کیلئے کی جانی والی احتیاطی تدابیر بتائیے؟

6۔ لفظ 'AIDS' کو توسیع کیجئے۔اس مرض کیلئے ذمہ دار وائرس کا نام بتائیے۔

7۔ HIV کے انتشار کے پھیلاؤ کے طریقہ بتائیے؟

8۔ ایڈس کن کن طریقوں نہیں پھیلتا ہے بتائیے؟

نباتات اور حیوانات میں افزائش نسل

I۔ صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ درجہ ذیل مخلوط نسل سے حاصل کردہ گائے

a) سندھی b) کرن سوئس c) جرسی d) ہولسٹین

2۔ پودوں کی جڑیں مکمل طور پر معدنی تغذئی پانی کے محلول میں رکھکر درخت آگانے کا طریقہ کہلاتا ہے۔

a) ایروپونکس b) مخلوط نسل افزائش c) بالاچھتی باغبانی d) ہائیڈروپونکس

3۔ جینی ترمیم کاری کے ذریعہ حاصل کردہ سنہرے چاول کا اہم تغذئی جز

a) وٹامن۔C b) وٹامن۔B c) وٹامن۔A d) وٹامن۔K

II'۔ درجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیئے۔

4۔ خریف فصلیں کسے کہتے ہیں؟

5۔ ربیع فصلیں کسے کہتے ہیں؟

6۔ نباتات کی نئی قسم سے کیا مراد ہے؟

7۔ پالی پلائیڈی میں کونسی کیمیائی شئے استعمال کی جاتی ہے؟

8۔ مویشی پالن کسے کہتے ہیں؟

9۔ جینی ترمیم کاری میں کونسی تکنیک کو استعمال کیا جاتا ہے؟

